نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی بہاولپور میں وزیراعلیٰ پنجاب ہائی پاور گرین ٹریکٹرز کی تقسیم کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت

10ارب روپے کی لاگت سے فی ٹریکٹر 10 لاکھ روپے سبسڈی دی جارہی ہے، بہاولپور ڈویژن میں 1299 ٹریکٹرز سبسڈی پر فراہم: سید عاشق حسین کرمانی

لاہور 13 نومبر 2025 ( ) وزیرزراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے بطورمہمانِ خصوصی بہاولپور میں منعقدہ تقریب میں کامیاب کاشتکاروں کو وزیرِاعلیٰ پنجاب ہائی پاور گرین ٹریکٹرز کی چابیاں تقسیم کیں۔اس موقع پر وزیرِ زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے کاشتکاروں کو 10 ہزار ہائی پاور ٹریکٹرز سبسڈی پر فراہم کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ 10 ارب روپے کی لاگت سے فی ٹریکٹر 10 لاکھ روپے سبسڈی دی جارہی ہے جبکہ بہاولپور ڈویژن میں 1299 ٹریکٹرز سبسڈی پر فراہم کیے جا رہے ہیں۔وزیرزراعت نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب فارم میکانائزیشن کے فروغ کے لیے فیاضانہ وسائل فراہم کررہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ حکومت کا فلیگ شپ پروگرام ہے جس کے تحت اب تک 6 لاکھ سے زائد کاشتکاروں کو 80 ارب روپے کے بلاسود قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں۔کھاد، بیج، پیسٹی سائیڈز اور ڈیزل کی خریداری کسان کارڈ کے ذریعے ممکن بنائی گئی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ بہاولپور ڈویژن کو کاٹن ویلی میں تبدیل کرنے کے لیے دوارب روپے کے منصوبے پر عملدرآمد جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر زراعت کو حقیقی معنوں میں ٹرانسفارم کیا جا رہا ہے۔

بعدازاں وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت سرکٹ ہاؤس بہاولپور میں گندم کی کاشت کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ممبر صوبائی اسمبلی خالد محمود بابر وارن، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ڈپٹی کمشنر بہاولپور ڈاکٹر فرحان فاروق، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید اور نوید عصمت کاہلوں نے شرکت کی جبکہ متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔وزیرزراعت پنجاب نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں آئندہ گندم کی خریداری 3500 روپے فی من کے حساب سے کریں گی اور 62 لاکھ میٹرک ٹن گندم کے اسٹریٹجک ذخائر کے لیے خریداری کی جائے گی۔انہوں نے مزید بتایا کہ پنجاب میں رواں سیزن گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے جبکہ مارکیٹ میں گندم کا تصدیق شدہ بیج 5500 روپے فی بیگ میں دستیاب ہے۔وزیرزراعت نے کہا کہ کھادیں اصل قیمتوں سے بھی کم نرخوں پر وافر مقدار میں دستیاب ہیں اور کاشتکاروں کو گندم کی منظور شدہ اقسام کے تصدیق شدہ بیج کی کاشت کے بارے میں رہنمائی فراہم کی جارہی ہے۔

اجلاس میں ڈپٹی کمشنر بہاولپور ڈاکٹر فرحان فاروق نے بتایا کہ بہاولپور ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 26 لاکھ 83 ہزار ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ڈویژنل وضلعی انتظامیہ اور محکمہ زراعت کی فیلڈ فارمیشنز گندم کاشت مہم میں باہمی تعاون سے فعال عملی کردار ادا کریں۔اجلاس کے بعد وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو کے ہمراہ بہاولپور میں قائم ماڈل ایگریکلچر مال کا دورہ کیا اور ماڈل ایگریکلچر مال میں آپریشنل سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔

☆☆☆☆